1989ء سے مسلسل اشاعت | 10 تا 16 جولائی 2020ء | شمارہ نمبر 30 | جلد نمبر 32

MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ






خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین
بزنس مین پینل

کا اتحاد زندہ باد - خدمت کے گیارہ سال

آئندہ انتخابات 2019 میں بزنس مین پینل و بزنس مین گروپ کے امیدواروں کو کراچی و لاہور میں ووٹ دے کر کامیاب بنائیں

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleemitc@gmail.com, website: www.ibmpakistan.com

Dawn Paper Mart And Dawn Convertec
66 YEARS 1952

DISTRIBUTOR OF:
Century Paper & Board Mills Limited
UAN: 111-111-DPM (376)

IMPORTER AND INDENTOR
All Type Of Paper And Paper Board

QUALITY GUARANTEE

KARACHI NO: 021-32636500, 021-32214141, 021-32624141, 021-36728852, 021-32624103 | LAHORE NO: 042-37210575-6, 042-37361742

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

### We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




**SELF ADHESIVE STICKER PAPER**
**INDONESIA**

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا روف
نے پرنٹر عبدالغفور مارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ آفس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد روف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا روف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیرا انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 1800 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 2000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک بتول مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129 60
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# FATF کی شرط پوری، اسمگلروں کے لیے سزائیں سخت، قانون نافذ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے فی ٹف شرائط پر عملدرآمد کرتے ہوئے کرنسی، سونا، چاندی، پلاٹینیم سمیت دیگر قیمتی پتھروں کے ساتھ ساتھ اشیا کی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کی سزائیں سخت کر دی ہیں، اسمگلروں سے پکڑی جانیوالی اشیا ضبط کر کے اسمگل شدہ اشیا کی مالیت کے پانچ گنا تک جرمانے اور دو سال سے 14 سال تک قید کی سخت سزائیں بڑھادی ہیں، فنانس ایکٹ 2020 کے ذریعے کسٹمز ایکٹ 1969 میں ترامیم کر کے یکم جولائی سے ان کا اطلاق کر دیا گیا ہے، ایف بی آر حکام نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ فی ٹف کی شرائط پر عملدرآمد کرتے ہوئے مذکورہ ترامیم کی گئی ہیں، اس سے اسمگلنگ کی روک تھام میں مدد ملے گی، ڈیڑھ لاکھ سے تین لاکھ روپے تک کی اشیا ضبط کر لی جائیں گی، اسپیشل جج کسٹمز کیس کی سماعت کرے گا، جرم ثابت ہونے پر ضبط شدہ اشیا کی مالیت کے برابر جرمانہ اور دو سال تک قید کی سزا دی جاسکے گی، تین لاکھ سے پانچ لاکھ روپے تک کی اشیا میں جرم ثابت ہونے پر ضبط شدہ اشیا کی مالیت سے دو گنا جرمانہ اور تین سال تک قید ہوگی، پانچ لاکھ سے ساڑھے سات لاکھ روپے مالیت کی اشیا میں جرم ثابت ہونے پر تین گنا جرمانہ اور پانچ سال تک قید کی سزا ہوگی۔

## 25 جولائی سے کاروباری بندش کی تجویز پر تشویش ہے، آل پاکستان انجمن تاجران

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران کا 25 جولائی سے کاروباری مراکز کی بندش کی مجوزہ تجویز پر تشویش کا اظہار، تاجر ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کر رہے ہیں، حتمی فیصلہ سے قبل تاجر تنظیموں سے مشاورت کی جائے۔ آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے پنجاب حکومت کی عید الاضحیٰ کے موقع پر 25 جولائی سے بازار اور شاپنگ مالز کی بندش کی مجوزہ تجویز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے کسی بھی حتمی فیصلہ سے قبل تاجر تنظیموں سے مشاورت کی جائے، تمام بازاروں اور مارکیٹوں میں حکومت کے طے کردہ ایس او پیز کے مطابق کاروبار ہو رہا ہے اور عید الاضحیٰ سے قبل کاروبار کو بند کرنے کی تجویز سمجھ سے بالا تر ہے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی صدر اشرف بھٹی نے ایک ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں محبوب سرکی، میاں طارق فیروز، نعیم بادشاہ، شہزاد بھٹی سمیت مختلف تنظیموں کے عہدیدار بھی موجود تھے جبکہ اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے مختلف اضلاع کے تاجر رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری کی وجہ سے عوام کی قوت خرید پہلے ہی کم ہو چکی ہے جبکہ کورونا وباء کے باعث لاک ڈاؤن، محدود اوقات کار اور دو روز کی بندش کی وجہ سے کاروبار پہلے ہی مسائل کا شکار ہیں، ایسے حالات میں کاروبار کو مکمل بند کرنے کی تجویز سمجھ سے بالا تر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے خدشات موجود ہیں لیکن تاجر برادری حکومت سے طے پانے والے ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنا رہی ہے۔ صوبائی حکومت کی تجویز کو واپس لیا جائے بلکہ رش کو کم کرنے کے لئے نہ صرف کاروبار کرنے کا وقت بڑھایا جائے بلکہ ہفتہ اور اتوار کی بندش کو بھی ختم کیا جائے۔

## چین: ایک لاکھ ین سے زائد رقوم منتقلی پر وجوہات دینا ہوں گی

بیجنگ (پیپر بزنس نیوز خصوصی رپورٹ) بینک آف چائنا نے یکم جولائی 2020 کو ایک سرکلر جاری کیا ہے جس میں نقد رقوم کی منتقلی کی حوصلہ شکنی کے لیے اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اگر کوئی بھی ریمیٹنس (اندرون و بیرون ملک رقوم کی منتقلی) کی سنگل ایک لاکھ ین ٹرانزیکشن ہونے کی صورت میں وصول کنندہ اور ادا کنندہ دونوں کو اس رقوم کی منتقلی کا قانونی جواز اور شواہد پیش کرنا ہوں گے اگر حکومت ان شواہد سے مطمئن نہ ہوئی تو دونوں پارٹیز کے اکاؤنٹ منجمد کر دیئے جائیں گے اور رقوم چینی حکومت ضبط کر سکے گی۔ تحقیقات کے دوران پہلے مرحلے میں دونوں پارٹیز کے اکاؤنٹ چھ ماہ کے لیے منجمد کیے جائیں گے جس میں مزید ایک سال (18 ماہ) اور دوسرے مرحلے میں دو سال کے لیے اکاؤنٹ منجمد ہوں گے۔ چینی حکومت کا کہنا ہے کہ غیر قانونی رقوم کی منتقلی کو روکنے میں مدد ملے گی۔ دریں اثنا مقامی طور پر کرنسی بھیجنے والوں کو تنبیہ کر دیا ہے کہ ان کی ذمہ داری رقم بھیجنے کی حد تک ہے اکاؤنٹ منجمد ہونے کی صورت میں ان کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔

## پیپر مارکیٹ حسن علی آفندی روڈ دو ہفتے بعد کھل گئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اسمارٹ لاک ڈاؤن کی وجہ سے ایم اے جناح روڈ سے متصل پیپر مارکیٹ کا حسن علی آفندی روڈ کا حصہ 18 جون سے دو ہفتے کے لیے بند تھا مدت پوری ہونے پر 2 جولائی کی سہ پہر سے مارکیٹ کھلنا شروع ہوگئی۔ یہ مارکیٹ 18 جون سے بند تھی۔

## اینٹی ڈمپنگ قوانین میں ترمیم کا اطلاق سابقہ حکم امتناعی پر فوری نہیں ہوسکتا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی بجٹ 21-2020 میں اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ سے متعلق پے آرڈر اور بینک گارنٹی کی جو شرائط عائد کی گئی ہیں قانونی ماہرین کا موقف ہے کہ اس کا اطلاق پہلے سے حاصل کردہ حکم امتناعی پر نہیں ہوسکتا۔ تاہم ان ترامیم کے بعد جو نئے حکم امتناعی حاصل کیے جائیں گے اس پر اس شق کا اطلاق ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# تاجروں کا مارکیٹوں سے لاک ڈاؤن کے مکمل خاتمے کا مطالبہ

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی کے تاجروں نے 2 جولائی سے تجارتی مراکز سے لاک ڈاؤن کے خاتمے اور کورونا کی وبا تک کراچی کو فوج کے حوالے کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ گزشتہ روز مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سینئر وائس چیئرمین اور کراچی سندھ تاجر اتحاد کے چیئرمین شیخ حبیب نے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے پہلے یوم تاسیس کے موقع پر کہا کہ دنیا بھر میں لاک ڈاؤن کے دوران شہریوں کو گھروں تک محدود رکھا گیا لیکن ہمارے پاس وفاق اور سندھ حکومت کے درمیان جاری چپقلش کے دوران شہری آزاد گھوم رہے اور کاروبار بند کیا جارہا ہے، آج 2 جولائی سے کسی بھی کاروبار کو بند کیا گیا تو سڑکوں پر نکلیں گے، کورونا تک کراچی کو فوج کے حوالے کیا جائے۔ تقریب میں ڈپٹی میئر کراچی سید ارشد حسین مہمان خصوصی تھے جبکہ تقریب میں آل کراچی تاجر اتحاد کے سربراہ عتیق میر، رانا اکرم، آصف گلفام، شیخ محمد ارشاد، عبداللہ شاری، واجد مرزا، جمیل اختر، صدر الائنس کے عبدالصمد خان، آل سٹی تاجر اتحاد کے منصور قادوانی اور دیگر موجود تھے۔ شیخ حبیب نے کہا کہ لاک ڈاؤن کے نام پر حکومت کراچی کے تاجروں کا معاشی قتل کر رہی ہے۔

## ماسٹر کاپی کے عصمت الٰہی انتقال کر گئے



کراچی (پیپر بزنس نیوز) کاپی مینوفیکچرنگ میں ماضی میں نمایاں مقام رکھنے والی ماسٹر کاپی کے روح رواں عصمت الٰہی 7 جولائی کو انتقال کر گئے۔ مرحوم نے حسن علی آفندی روڈ کی پیپر مارکیٹ کی از سر نو تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا اور عرصہ دراز سے صاحب فراش تھے۔ ان کی نماز جنازہ گلستان جوہر میں ادا کی گئی۔

## حکومت کارگو ٹرانسپورٹ کو تعاون فراہم کرے، جاوید آرائیں

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف پی سی سی آئی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے فریٹ فارورڈنگ اینڈ لاجسٹک سروسز کے سابق وائس چیئرمین اور سابق جنرل سیکریٹری کراچی گڈز کیریئر ایسوسی ایشن، جاوید رشید اصغر آرائیں نے کہا ہے کہ حکومت کارگو ٹرانسپورٹ کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے۔ کورونا وائرس کے باعث کاروبار تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے۔ کووڈ 19 سے قبل روزانہ 18 ہزار ٹن کارگو مختلف انڈسٹریل زونز اور شہر کے مختلف پورٹس پر سروسز فراہم کرتے تھے ہزاروں افراد کا روزی روزگار منسلک تھا اب صورتحال تشویش ناک ہوگئی ہے کارگو ٹرانسپورٹ کے کاروباری امور شدید متاثر ہوئے ہیں حکومت کارگو ٹرانسپورٹ کو بیل آوٹ پیکج دے۔ جی ڈی پی میں 15 پرسنٹ شیئر ہے حکومت کارگو ٹرانسپورٹ کو انڈسٹری کا درجہ دے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ بینکوں سے بلا سود قرضوں کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ موجودہ حالات میں سروائیو کرنا مشکل ہوگیا ہے شدید خسارے کا سامنا ہے کارگو ٹرانسپورٹ کو دوبارہ اپنے وسائل پر انحصار کیلئے اقدامات ضروری ہیں۔

### فارم ایچ جمع کرانے کی تاریخ میں 31 جولائی تک توسیع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے جولائی 2019 تا جنوری 2020 کے لیے فارم ایچ جمع کرانے کی تاریخ میں 31 جولائی تک توسیع کر دی ہے۔ اس حوالے سے ایف بی آر نے باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ٹیکس دہندگان جولائی 2019 سے جنوری 2020 تک کے پیریڈ کے لیے اپنے فارم ایچ اکتیس جولائی تک جمع کرواسکیں گے اور ان فارمز جمع کرانے کے لیے کسی قسم کا سرچارج عائد نہیں ہوگا۔

### اندرون ملک کرایوں میں تاریخی کمی کی گئی ہے، پی آئی اے

کراچی (نیوز ڈیسک) پی آئی اے نے اندرون ملک مزید رعایتی کرایہ متعارف کرا دیا ہے، قومی ایئرلائن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اندرون ملک کرایوں میں تاریخی کمی کی گئی ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق کراچی سے اسلام آباد اور کراچی سے لاہور تک یکطرفہ کرایہ 9572 روپے مقرر کیا گیا ہے جبکہ مسافروں کو 7 کلو دستی سامان لے جانے کی بھی اجازت ہوگی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ اندرون ملک یہ رعایتی کرائے فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔ اس سے قبل اندرون ملک کرایہ 12 ہزار روپے مقرر کیا گیا تھا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362

0308-2933229


اس شمارے کے ساتھ ابوظہبی سے درآمد شدہ IPM برانڈ 80 گرام، ووڈ فری آفسیٹ پرنٹنگ پیپر کا سیمپل بھی منسلک ہے

## انتقال پر ملال

☆ سابق صدر کراچی چیمبر و سابق چیئرمین اپیما اے کیو خلیل اور سابق سینئر وائس چیئرمین اختر جمیل رحمانی کے والد شیخ محمد عتیق چھابڑہ رحمانی 6 جولائی کو یہاں انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ مقامی مسجد میں ادا کی گئی جس میں بڑی تعداد میں دوستوں، احباب اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

☆ میسرز رحمانی پیپر مارٹ کے الطاف رنگین والا اور شبیر رنگین والا کی والدہ 2 جولائی کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔

☆ کراچی لفافہ والے محمد کمال کی والدہ بھی اسی ہفتے رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔

☆ العباس پرنٹرز کراچی کے مالک سید جواز حسین جعفری قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔

☆ العباس پرنٹرز کے مالک اور کراچی کی ہر دلعزیز شخصیت سید جواد حسین جعفری آج دوپہر 2 بج کر 35 منٹ پر کراچی کے ایک نجی اسپتال میں فضائل الٰہی سے وفات پا گئے۔

دریں اثنا چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، صدر سدرن زون سید شاہنواز علی، صدر ناردرن زون خواجہ محمد الیاس، لیڈر بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ و دیگر عہدیداران نے عتیق چھابڑہ، عصمت الٰہی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے انہوں نے دیگر مرحومین کے لواحقین سے بھی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

### دکان میں گھس کر ڈاکو رقم چھین کر فرار

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ میں شاہراہ لیاقت پر واقع پیپر کی دکان کے مالک سے اسلحہ کے زور پر ڈاکو رقم لوٹ کر فرار ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق ڈاکو مالک دکان کے بینک سے رقوم نکلوا کر دکان پہنچنے کے شبے میں ڈاکو ان کا پیچھا کرتے ہوئے دکان میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر موجود نقد رقوم لے کر فرار ہو گئے۔ انہوں نے دکان میں موجود افراد کے موبائل واپس کر دیئے۔ اطلاع ملتے ہی رینجرز اور پولیس موقع پر پہنچ گئی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اینٹی ڈمپنگ قوانین میں ترمیم: بنیادی حقوق سے محروم کرنا ہے

تحریر: ایم آر انصاری

وفاقی بجٹ 21-2020 میں اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ (C)(1)51 میں ایسی ترامیم کی گئی ہیں جو نہ صرف غیر قانونی بلکہ پاکستانی شہری کے آئینی بنیادی حقوق سے محرومی کے بھی مترادف ہے۔ نئی ترمیم شدہ شق کے مطابق اب نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے کسی بھی قسم کی حتمی یا عبوری اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ کے خلاف اگر پاکستان کی کوئی بھی عدالت حکم امتناعی جاری کرتی ہے تو امپورٹرز کو حکم امتناعی کے باوجود نافذ کردہ عبوری یا حتمی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی رقم کے مساوی بینک گارنٹی، پے آرڈر بمعہ انڈیمنٹی بانڈ جمع کرانا لازمی ہوگا تب ہی اس کا مال کلیئر ہوگا۔

آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اس ترمیم کو غیر آئینی و غیر قانونی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ سندھ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے کیس نمبر PTD2026/2018 میں یہ آبزرویشن دی ہے کہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی تجارت کو سہارا دینے کا اقدام ہے اور اسے کسی بھی صورت میں ''ٹیکس'' کی قسم قرار نہیں دیا جاسکتا ہے۔ اس موقف کو اسلام آباد ہائی کورٹ نے PTD1966/2018 میں تسلیم کیا ہے اس بنیاد پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کو ٹیکس قرار نہیں دیا جاسکتا ہے لہٰذا یہ کسی بھی صورت میں ''مالیاتی'' معاملہ نہیں ہے اور یہ آئین پاکستان کے آرٹیکل (2)73 کے زمرے میں نہیں آتا ہے لہٰذا اینٹی ڈمپنگ ایکٹ 2015 میں ترامیم مالیاتی بل کے طور پر شامل نہیں کی جاسکتی ہیں کیونکہ اس میں ترمیم کے لیے قانونی بنانے کے عمومی طریقے اختیار کیا جانا ضروری ہیں۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اسے مالیاتی بل سے ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

حکومت کو اس مطالبہ پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہئے اور اسے واپس لے لینا چاہئے کیونکہ کوئی بھی معزز عدالت ''حکم امتناعی'' اسی وقت جاری کرتی ہے جب اس کے پاس ایسی شہادتیں موجود ہوتی ہیں جس میں وہ یہ محسوس کرتی ہے کہ متاثرہ فریق کی حق تلفی ہوئی ہے۔ اسی حق تلفی کو دور کرانے کے لیے لوگ عدالتوں سے رجوع کرتے ہیں مذکورہ ترمیم کے بعد متاثرہ فریق کو بادل نخواستہ اپنا حق چھوڑنا پڑے گا کیونکہ اسے مالیاتی آلات کے ذریعے ادائیگی کا پابند کردیا گیا ہے۔ مثلاً بینک گارنٹی کوئی بھی بینک بلا معاوضہ جاری نہیں کرے گا۔ بصورت دیگر پے آرڈر کے لیے متاثرہ فریق کو نقد رقم جمع کرانی پڑے گی۔ اس ترمیم کے بعد نیشنل ٹیرف کمیشن کے حکام امپورٹرز کو بلیک میل کرنے کی مضبوط پوزیشن میں ہوں گے کیونکہ ان کی جانب سے نافذ العمل ہونے والی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی امپورٹرز کی لاگت میں لازمی اضافہ کا باعث ہوگی۔ ماضی میں 2009 سے اب تک یہ دیکھا گیا ہے کہ جب بھی نیشنل ٹیرف کمیشن نے پیپر و پیپر بورڈ پر عبوری یا حتمی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی نافذ کی ہے اس میں اینٹی ڈمپنگ قوانین اور طریقہ کار کو مسلسل نظر انداز کیا گیا ہے جس پر عدالتوں نے پیپر مرچنٹس کی دادرسی بھی کی ہے اس سلسلے میں ریکارڈ پر بھی ایسے ثبوت موجود ہیں کہ بنیادی قانونی ضرورت نیشنل ٹیرف کمیشن کے مکمل ہونے کا بھی خیال نہیں رکھا گیا۔ مزید برآں کمیشن کے ممبران کی اہلیت کو بھی چیلنج کیا جا چکا ہے۔ اس کے علاوہ قانونی طور پر ٹریبونل کا نہ ہونا بھی دادرسی سے محروم کرنے کے مترادف رہا ہے اور اعلیٰ عدالتوں نے اس صورت حال میں اس کے نفاذ کو مسترد بھی کیا ہے۔

اس نئی ترمیم کے بعد امپورٹرز اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ میں قانونی خامیوں اور اس کی شکایتوں کے ازالہ نہ ہونے کے باوجود وہ اس پر ''لازمی'' عملدرآمد کا پابند ہو جائے گا جو یقیناً اس کے حقوق سلب کرنے کے مترادف ہے۔ اگر یہ ترمیم واپس نہ ہوئی اور یہ روایت چل پڑی تو حکومت کے لیے آئندہ دنوں انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور کسٹم قوانین میں بھی ایسی ہی ترامیم کا راستہ کھل جائے گا۔ لہٰذا اس قانون پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ تجارتی تنظیموں کو اس پر آواز بلند کرنی چاہیئے۔





آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کا ایک تاریخی اجلاس 29 مئی 1999 کو کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقد ہوا تھا۔ اس موقع پر کراچی سے سدرن زون کے عہدیداران نے بڑی تعداد میں شرکت کی تھی۔ اس اجلاس میں عصمت الٰہی مرحوم بھی شریک تھے۔ دوسری لائن میں بائیں جانب پہلی شخصیت عصمت الٰہی کی۔ دوسری حاجی محمد صدیق مرحوم ہیں دیگر شرکا میں یوسف رجہ والا مرحوم، شیشخ ناظم علی مرحوم بھی موجود ہیں۔ گروپ میں عبدالمجید میمن، صدر خالد حسین، کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد طاہر، آصف بہام، مبین شیخ اور دیگر بھی موجود ہیں۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے 1994 کے انتخابات کے موقع پر بزنس مین پینل کے اسٹال پر عصمت الٰہی مرحوم (بائیں سے دوسرے بیٹھے ہوئے) کی ایک یادگار تصویر۔ شیخ ناظم علی مرحوم، نور الدین مسکا والا مرحوم، احسان الٰہی مرحوم کے علاوہ عبدالمجید میمن، یامین قریشی، شفقت حسین اور احمد ڈھیڈی نمایاں ہیں۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# پلپ، کوٹڈ پیپر اینڈ پیپر بورڈ، ان کوٹڈ کرافٹ پر انکم ٹیکس کی شرح ایک فیصد

"PART II
RATES OF ADVANCE TAX
[See Division II of Part V of Chapter X]

The rate of advance tax to be collected by the Collector of Customs under section 148 shall be—

| S. No. | Persons | Rate |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| 1. | Persons importing goods classified in **Part I of the Twelfth Schedule** | 1% of the import value as increased by customs-duty, sales tax and federal excise duty |
| 2. | Persons importing goods classified in **Part II of the Twelfth Schedule** | 2 % of the import values as increased by customs-duty, sales tax and federal excise duty |
| 3. | Persons importing goods classified in Part III of the Twelfth Schedule | 5.5 % of the import value as increased by customs-duty, sales tax and federal excise duty; |

Provided that the rate specified in column (3),—

(a) in case of manufacturers covered under rescinded Notification No S.R.O. 1125(1)/2011 dated the 31st December, 2011 as it stood on the 28" June, 2019 on import of item covered under the aforementioned S.R.O. shall be 1%:

(b) in case of persons importing finished pharmaceutical products that are not manufactured otherwise in Pakistan, as certified fry the Drug Regulatory Authority of Pakistan shall be 4%:

THE TWELFTH SCHEDULE
[See Section 148]
PART I

| PCT CODE | DESCRIPTION |
|---|---|
| 4701.0000 | Mechanical wood pulp. |
| 4702.0000 | Chemical wood pulp, dissolving grades. |
| 47.03 | Chemical wood pulp, soda or sulphate, other than dissolving grades. |
| 47.04 | Chemical wood pulp, sulphite, other than dissolving grades. |
| 4705.0000 | Wood pulp obtained by a combination of mechanical and chemical pulping processes. |
| 47.06 | Pulps of fibres derived from recovered (waste and scrap) paper or paperboard or of other fibrous cellulosic material. |
| 47.07 | Recovered (waste and scrap) paper or paperboard. |
| 48.04 | Uncoated kraft paper and paperboard, in rolls or sheets, other than that of heading 48.02 or 48.03. |
| 48.10 | Paper and paperboard, coated on one or both sides with kaolin (China clay) or other inorganic substances, with or without a binder, and with no other coating, whether or not surface- coloured, surface- decorated or printed, in rolls or rectangular (including square) sheets, of any size. |
| 48.13 | Cigarette paper, whether or not cut to size or in the form of booklets or tubes. |
| 48.22 | Bobbins, spools, cops and similar supports of paper pulp, paper or paperboard (whether or not perforated or hardened). |
| 4823.9040 | — Double Side Adhesive Tapes |

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی بجٹ 2020-21 میں جن آئٹم کو خام مال ڈیکلیئر کر کے انکم ٹیکس کی شرح ایک فیصد کی گئی ہے ان میں ایچ ایس کوڈ 47 اور 48 کے جو آئٹمز شامل ہیں ان کی فہرست اوپر دی گئی ہے۔ اس سال بجٹ کی خاص بات اپیما کا یہ مطالبہ جزوی تسلیم کیا جانا ہے کہ پیپر و پیپر بورڈ انکم ٹیکس کی حد تک خام مال ہوگیا ہے تاہم کسٹم ڈیوٹی بدستور تیار اشیاء کی ہیں۔ یعنی 20 فیصد اور 7 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی (27 فیصد) وصول کی جائے گی۔ اس فہرست میں پیپر انڈسٹری کے لئے درآمد ہونے والے ہر قسم کے پلپ، ویسٹ پیپر، سگریٹ پیپر، ڈبل سائیڈ ایڈ ہیسو بیس اور ہر قسم کا کوٹڈ پیپر و پیپر بورڈ شامل ہے۔ اس طرح اس سال اپیما کے مطالبہ کے تسلیم کئے جانے سے پرنٹنگ انڈسٹری کو بھی جزوی سہارا ملے گا۔

## سعودی عرب میں 15 فیصد ویلیو ایڈ ڈ ٹیکس نافذ

ریاض (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی عرب میں شاہی فرمان کے مطابق ٹیکس نظام میں ترمیم کرنے کے بعد ملک بھر میں 15 فیصد ویلیو ایڈ ڈ ٹیکس نافذ کر دیا گیا ہے۔ محکمہ زکوۃ و آمدنی نے اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدھ یکم جولائی سے ملک بھر میں 15 فیصد ویلیو ایڈ ڈ ٹیکس کا نظام نافذ کر دیا ہے۔ سعودی عرب میں یکم جولائی سے پندرہ فیصد ویلیو ایڈ ڈ ٹیکس کے نفاذ کے بعد سعودی آرامکو نے پیٹرول کے نئے نرخ جاری کیے ہیں۔ سعودی آرامکو کے حوالے سے بتایا ہے کہ پیٹرول 91 کے نرخ 90 ہللہ سے بڑھ کر 98 ہللہ فی لٹر ہو گئے ہیں۔ پیٹرول 95 کی نئی قیمت اب ایک ریال 18 ہللہ ہوگی۔ اس سے پہلے اس کی قیمت ایک ریال 8 ہللہ لٹر تھی۔ بیان کے مطابق ڈیزل کی نئی قیمت 47 ہللہ کے بجائے 52 ہللہ فی لٹر ہوگئی ہے۔ نئے نرخ یکم سے دس جولائی تک کے لیے ہیں۔

## سندھ، اسمارٹ لاک ڈاؤن میں 15 جولائی تک توسیع

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ حکومت نے اسمارٹ لاک ڈاؤن میں 15 جولائی تک توسیع کر دی ہے، سندھ میں تعلیمی ادارے 15 جولائی تک بند رہیں گے۔ محکمہ داخلہ سندھ نے لاک ڈاؤن میں توسیع کا حکم نامہ جاری کر دیا۔ محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ 15 جولائی تک صوبے میں لاک ڈاؤن رہے گا۔ محکمہ داخلہ سندھ کے نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں تعلیمی ادارے، ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 15 جولائی تک بند رہیں گے، بیوٹی پارلرز، بیوٹی سیلون پر پابندی برقرار رہے گی۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM™
ISO 9001 : 2015
CERTIFED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





Sponsored By IBM

19 June to 25 June 2020

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین و اعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔
تاکہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں از خود اطمینان حاصل کرسکیں
آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے۔

رابطے کے لئے 0300-2011313


IBM™

**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company In Pakistan

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Near Burhani Hospital, Karachi-74000, UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibmpakistan.com


Certified Quality Management System ISO 9001 : 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

**SAMPLE** **80 gsm**

# IPM Brand

**Woodfree Offset Printing Paper**

**Origin U.A.E.**

**Regularly Available in all sizes in**

**Folio Sheets & Reel**

**60, 70, 80, 90, 100, 120gsm**

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on "Hi-White" Sinar Art Paper Indonesia , 113 Gsm. - Contact for Booking **IBM:** 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on "Hi-White" Sinar Art Paper Indonesia , 113 Gsm. - Contact for Booking **IBM:** 111-426-725

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## براڈکاسٹنگ کارپوریشن کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 جولائی 2020

برائے رابطہ: کنٹرولر (ایڈمن اینڈ لیگل افیئر) ہیڈکوارٹرز، شاہراہ دستور سیکٹر جی فائیو، اسلام آباد

فون: 051-9208425

## وفاقی محتسب کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جولائی 2020

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) محتسب سیکریٹریٹ، 1-B عوام آرکیڈ، بلیوایریا، اسلام آباد۔

فون: 051-9217767

## ایئریونیورسٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: IBD-AU/09/20

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 جولائی 2020

برائے رابطہ: اے ایس آفس، سیکٹر ای نائن، اسلام آباد۔

فون: 051-2281470

## صوبائی اسمبلی کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 جولائی 2020

برائے رابطہ: دفتر، ڈرائنگ دسبرنگ آفیسر، صوبائی اسمبلی سندھ، کورٹ روڈ، کراچی۔

فون: 021-99213679

## وزارت کشمیر افیئرز کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جولائی 2020

برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (GA) آر بلاک، پہلی منزل، پاک سیکریٹریٹ، اسلام آباد۔

فون: 051-9203761

## ٹریڈنگ کارپوریشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: TCP(Admin)ST/CON/29/13

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 جولائی 2020

برائے رابطہ: ڈپٹی منیجر (کیش) فورتھ فلور، بلاک بی، فنانس اینڈ ٹریڈ سینٹر، شاہراہ فیصل، کراچی۔

فون: 021-99202967

# وفاق اور سندھ میں ٹیکس جمع کرنے کا تنازع جلد ختم ہوجائے گا: ایف بی آر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرپرسن ایف بی آر نوشین جاوید نے کہا ہے کہ وفاق اور سندھ میں ٹیکس جمع کرنے کا تنازع جلد ختم ہوگا، ایکسائز ڈیوٹی معاملے پر سندھ حکومت سے معاملات طے کیے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق چیئرپرسن ایف بی آر نوشین جاوید کا میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ امید ہے ایک 2 روز میں یہ معاملہ حل ہوجائے گا، سندھ حکومت کو بتادیا قانون کے مطابق یہ ٹیکس جمع کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ٹیکس ہدف کم رکھا جائے گا، کروناوائرس کے باعث گھمبیر معاشی صورت حال کا سامنا ہے، جسٹس قاضی فائز کو نوٹسز کا معاملہ قانون کے مطابق دیکھ رہے ہیں۔ خیال رہے کہ حالیہ دنوں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ وفاق نے ہمیں آئین کے تحت ٹیکس جمع کرنے کا اختیار دیا ہے، ہم اب وفاق کے لیے ٹیکس جمع نہیں کریں گے۔ اس سے قبل رواں سال فروری میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈپارٹمنٹ سے ایف بی آر نے کٹوتیاں کی ہیں، اگر فنڈز واپس نہیں دیے تو سندھ حکومت وفاق کے لیے ٹیکس جمع نہیں کرے گی، ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈپارٹمنٹ کے دفتر میں ودہولڈنگ ٹیکس جمع کرنے کے لیے اپنا کاؤنٹر کھول لے۔

# 7 ارب ملنے تک ٹیکس وصول نہیں کریں گے، سیکریٹری ایکسائز سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت اور وفاق کے درمیان ٹیکس وصولی کی معطلی کا معاملہ، سیکریٹری ایکسائز سندھ عبدالحلیم شیخ سے کمشنران لینڈ ریونیو ایف بی آر نے وفد کے ہمراہ جمعرات 2 جولائی کو ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں ڈی جی ایکسائز شعیب صدیقی اور دیگر متعلقہ حکام بھی شریک تھے، ملاقات میں ودہولڈنگ ٹیکس کی وصولی روکنے کے معاملے پر بات کی گئی، سیکریٹری ایکسائز عبدالحلیم شیخ کے مطابق سندھ حکومت کی جانب سے ایف بی آر حکام کو واضح کردیا ہے کہ سندھ کے روکے گئے پیسے واپس کیے جائیں، ہم نے سندھ کابینہ کے فیصلے پر عمل کرتے ہوئے ٹیکس کی وصولی روکی ہے، سیکریٹری محکمہ ایکسائز نے بتایا کہ جب تک سندھ کے روکے گئے سات ارب روپے کا معاملہ حل نہیں ہوتا ہم ودہولڈنگ ٹیکس وصول نہیں کریں گے، انھوں نے بتایا کہ ایف بی آر وفد نے صورتحال پر اعلیٰ حکام سے مشاورت کرکے جواب دینے کا کہا ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362

0308-2933229

BOHI ART CARD
Hi BULK
210, 250, 300, 350 Gsm.

GOLDEN SUN
MATT & ART PAPER
90, 104, 113, 128, 148 Gsm.

NINGBO BLEACH
Rolls + Sheets

Colour Cards

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandt@ptcl.net



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انڈونیشین: کاربن لیس اور امپریشن میں 100 ڈالر، آئی کے آفسیٹ میں 30 ڈالر کی کمی

## کاربن لیس گرین اسٹار میں بھی 50 ڈالر کی کی، بریف کارڈ اور گولڈن کوئن آرٹ میں 20۔20 ڈالر کی کمی، پی پی سی براؤن میں 25 ڈالر کمی

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) بین الاقوامی سی این ایف پرائس سروے جاری ہے اس ہفتے ان قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ انٹرنیشنل مارکیٹوں میں بھی اوور اسٹاک کی وجہ سے قیمتوں میں کمی کا رجحان ہے۔ اس ہفتے عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق قیمتوں میں تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

آئی کے شیٹ 70 گرام، 700 ڈالر سے کم ہو کر 670 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ بریف کارڈ آئی کے اوریجنل وائٹ 690 ڈالر سے کم ہو کر 670 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ قرآن پیپر آئی کے 60 گرام، 750 ڈالر سے کم ہو کر 710 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کوٹڈ آرٹ کارڈ گولڈن کوئن 730 ڈالر سے کم ہو کر 710 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن 2000، CFB۔1400 ڈالر سے کم ہو کر 1300 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ امپریشن 2000، CB۔1320 ڈالر سے کم ہو کر 1220 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ امپریشن 2000، CF۔1220 ڈالر سے کم ہو کر 1120 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CFB۔1270 ڈالر سے کم ہو کر 1250 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CB۔1190 ڈالر سے کم ہو کر 1140 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CF۔1100 ڈالر سے کم ہو کر 1050 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر پی پی سی براؤن 70 اور 80 گرام، 730 ڈالر سے کم ہو کر 705 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

# آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر، اسٹیکر اور مقامی آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی، فوٹو کاپی میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 8 جولائی کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر، اسٹیکر اور مقامی آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ فوٹو کاپی پیپر میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوا تار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 218 روپے سے کم ہو کر 215 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80، 90، 100، 105، 113، 128 اور 150 گرام، 188 روپے سے کم ہو کر 185 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80، 90، 100، 105، 113، 128 اور 150 گرام، 188 روپے سے کم ہو کر 185 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 63 گرام، 118 روپے سے کم ہو کر 114 روپے، تمام سائز 68 گرام، 118 روپے سے کم ہو کر 113 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 485 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن F4B سائز 80 گرام، 605 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ A4،BLC سائز 70 گرام، 490 روپے سے بڑھ کر 495 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ A4،BLC سائز 75 گرام، 550 روپے سے بڑھ کر 555 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ A4،BLC سائز 80 گرام، 600 روپے سے بڑھ کر 605 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 495 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 600 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A13 (5.) سائز 70 گرام، 610 روپے سے کم ہو کر 605 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BMO، 70 گرام، 545 روپے سے کم ہو کر 540 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 590 روپے سے بڑھ کر 595 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 695 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30 سائز، 80 گرام، 2150 روپے سے کم ہو کر 2130 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 80 گرام، 2150 روپے سے کم ہو کر 2140 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک 20x30 سائز، 190 گرام، 2125 روپے سے کم ہو کر 2130 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک GSF، 20x30 سائز، 190 گرام، 2125 روپے سے بڑھ کر 2130 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## چالیس ہزار روالے بانڈ کیش کروانیکی مدت میں توسیع

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت پاکستان نے 40 ہزار روپے والے بانڈ کروانے کی مدت میں ایک بار پھر توسیع کر دی ہے۔ حکومت نے دوسری مرتبہ بانڈ کیش کرانیکی مدت میں اضافہ کیا ہے۔ خزانہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹفکیشن کے متعلق بانڈ زکیش کروانیکی آخری تاریخ 31 دسمبر تک بڑھا دی ہے۔ بانڈ کیش کروانے کی مدت 30 جون کو ختم ہوگئی تھی جس کے بعد اس میں 6 ماہ کا اضافہ کیا گیا۔ ان بانڈز کے بدلے میں نیشنل سیونگ سرٹیفکیٹ بھی لیے جاسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں فارم بھر کر رقم بانڈ کے مالک کے اکاؤنٹ میں منتقل کی جاسکے گی۔ حکومت نے جون 2019 میں 40 ہزار روپے والے پرائز بانڈ پر پابندی عائد کی تھی اور ابتدائی طور پر بانڈ کیش کروانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2020 مقرر کی گئی تھی۔

# چیئرپرسن نوشین جاوید فارغ، جاوید غنی نئے چیئرمین ایف بی آر مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے ایف بی آر کی تیسری چیئرپرسن نوشین جاوید امجد کو بھی فوری طور پر تبدیل کر دیا ہے۔ وہ ان لینڈ ریونیو سروس کی گریڈ 22 کی افسر ہیں۔ انہیں سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافتی ڈویژن تعینات کیا گیا ہے۔ یہ پوسٹ سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافتی ڈویژن انعام اللہ خان کے 120 دن کی رخصت پر جانے کی وجہ سے خالی ہوئی تھی۔ پاکستان کسٹم سروس کے گریڈ 22 کے افسر محمد جاوید غنی کو نیا چیئرمین ایف بی آر مقرر کیا گیا ہے۔ انہیں تین ماہ کیلئے یا مستقل تقرری تک کیلئے اضافی چارج دیا گیا ہے۔ وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے سمری کی منظوری دی جس کے بعد ہفتہ 4 جولائی کی سہ پہر اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ان تقرریوں اور تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ موجودہ حکومت نے یہ چوتھے چیئرمین ایف بی آر مقرر کئے ہیں۔ سب سے پہلے ڈاکٹر محمد جہانزیب خان کو چیئرمین ایف بی آر لگایا گیا تھا۔ اس کے بعد نجی شعبہ سے شبر زیدی کی تقرری کی گئی۔ ان کے بعد نوشین جاوید امجد کی تقرری کی گئی۔ وہ پانچ ماہ اس عہدے پر فائز رہیں۔ محمد جاوید غنی نومبر 2018 سے بطور ممبر کسٹم پالیسی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ قبل ازیں محمد جاوید غنی ایف بی آر میں پالیسی اور آپریشن سطح کے مختلف اہم عہدوں پر ملک بھر میں خدمات انجام دے چکے ہیں اور ٹیکس ریونیو معاملات میں وسیع تجربہ کے حامل افسر ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# نئے بجٹ 2020-21 کے فنانس بل پر اطلاق

## ریسٹورینٹ اور بیوٹی پارلرز میں نقد ادائیگی پر 16 فیصد اور کارڈز کے ذریعے ادائیگی پر 5 فیصد جی ایس ٹی ہوگا

لاہور (بزنس ڈیسک) نئے مالی سال 2020-21 کے فنانس بل کا اطلاق یکم جولائی (بدھ) سے ہوگیا ہے۔حکومت نے جی ایس ٹی آن سروسز، کنسٹرکشن سروسز، پراپرٹی ٹیکس، تفریحی ٹیکس میں متعدد مراعات اور چھوٹ دی ہے، رائیڈر سروسز (آن لائن ٹیکسی سروسز) پر 4 فیصد ٹیکس (رائیڈ۔ ہیلنگ سروسز) کا نفاذ بھی یکم جولائی سے کردیا ہے، سٹیمپ ایکٹ 1899 میں ترمیم کے باعث متعدد اقسام کی اسٹیمپ ڈیوٹی کی شرح بھی 5 فیصد سے کم ہوکر 1 فیصد ہوگئی، کورونا وائرس کی وجہ سے مراعات اور اسٹیمپ ڈیوٹی میں چھوٹ جو مالی سال 2019-20ء میں دی گئی تھیں وہ نئے مالی سال میں بھی جاری رہیں گی۔ یکم جولائی سے نافذ العمل ہونے والے فنانس بل کے مطابق جی ایس ٹی آن سروسز کی مد میں ہیلتھ انشورنس، ڈاکٹروں کی کنسلٹنسی اور ہسپتالوں پر ٹیکس کی شرح جو پہلے 5 فیصد تھی آج سے صفر فیصد ہوگی۔ 20 سے زائد سروسز پر ٹیکس ریٹ 16 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردی گئی ہے جن میں چھوٹے ہوٹلز، موٹلز، گیسٹ ہاؤسز، شادی ہالز، لانز، پنڈال، شامیانہ سروسز اور کیٹررز، آئی ٹی سروسز، ٹور آپریٹرز، جمز، پراپرٹی ڈیلرز، کیبل ٹی وی آپریٹرز، ٹریٹمنٹ آف ٹیکسٹائل اینڈ لیدر، آڈٹ، اکاؤنٹنگ اینڈ ٹیکس کنسلٹنسی سروسز، فوٹوگرافی اور پارکنگ سروسز شامل ہیں۔ نئے مالی سال میں پراپرٹی بلڈرز اور ڈویلپرز سے بالترتیب 50 روپے فی مربع فٹ اور 100 روپے فی مربع گز ٹیکس وصول کیا جائے گا، جو شخص پراپرٹی بلڈرز اور ڈویلپرز کے طور پر ٹیکس ادا کرے گا اسے کنسٹرکشن سروسز سے ٹیکس چھوٹ ہوگی۔ ریسٹورنٹس اور بیوٹی پارلرز پر بذریعہ کیش ادائیگی کرنے والے صارفین سے 16 فیصد جبکہ کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ سے ادائیگی کی صورت میں 5 فیصد جنرل سیلز ٹیکس وصول کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں سیلز ٹیکس ایکٹ 2012ء کے سیکشن 70 کے سب سیکشن (1) کی کلاز جی میں ترمیم کرتے ہوئے اپیلٹ ٹربیونل کی اجازت سے ڈیفالٹرز کی قید کی مدت چھ ماہ سے زیادہ نہیں ہوگی اس پر بھی یکم جولائی سے اطلاق شروع ہوگیا ہے۔ نئے مالی سال کیلئے پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی دو اقساط میں کرنے کی سہولت دی گئی ہے اور 30 ستمبر 2020ء تک مکمل ٹیکس کی ادائیگی کی صورت میں ٹیکس دہندگان کو 5 فیصد کی بجائے 10 فیصد ریبیٹ ملے گا اور مالی سال 2020-21 کے سرچارج کی وصولی پر بھی مکمل چھوٹ ہوگی۔ تفریحی ٹیکس کی شرح 20 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردی گئی ہے فنانس بل کے مطابق پراپرٹی ٹیکس نئے ویلیو ایشن ٹیبل کا اطلاق بھی ایک سال کے لئے موخر کردیا گیا ہے۔ گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹوکن ٹیکس کی مکمل ادائیگی کی صورت میں 10 فیصد کی بجائے 20 فیصد ریبیٹ دیا جائے گا جبکہ پنجاب ای پے پورٹل کے تحت آن لائن ادائیگی کی صورت میں خصوصی رعایت دی جائے گی۔ نئے مالی سال میں سٹیمپ ڈیوٹی کی شرح کو 5 فیصد سے کم کرکے ایک فیصد کیا گیا ہے۔ کلبز بشمول ریس کلبز اور ان کی ممبرشپ سروسز اور سہولتوں پر جنرل سیلز ٹیکس کی شرح 16 فیصد برقرار رہے گی۔

## کنٹونمنٹ بورڈز کے رہائشی ٹیکس کے چالان آن لائن ادا کرسکیں گے

کراچی (نیوز ڈیسک) حکومت پاکستان کی ای گورننس کی پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ون لنک اور کنٹونمنٹ بورڈز کے مابین ایک معاہدہ طے پایا ہے جس کے تحت کنٹونمنٹ کے رہائشی اپنے ٹیکس اور فیس کے چالان آن لائن ادا کرسکیں گے۔ کنٹونمنٹس کے رہائشی اب کسی بھی بینک کی موبائل ایپ، اے ٹی ایم اور آن لائن پورٹل سے ون بل آپشن میں چالان پر دیئے گئے چالان نمبر کو درج کرکے اس سہولت سے مستفید ہوسکتے ہیں معاہدے پر دستخط کی تقریب کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ میجر جنرل حسنات عامر گیلانی نے کہا کہ اس سہولت کی وجہ سے کنٹونمنٹس کے رہائشی بنا کسی بینک آنے کے اب گھر بیٹھے اپنے چالان کی ادائیگی کرسکیں گے۔

# 2019: دنیا بھر سے 170 ارب ڈالر کا پیپر برآمد کیا گیا

## سب سے زیادہ چین کا برآمدات میں حصہ 12.9 فیصد رہا۔ انڈونیشیا نے اپنی برآمدات میں اضافہ برقرار رکھا

